## آٹے اور بجلی کی قلت پر قابو پانے کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

### صدر مملکت، نگراں وزیراعظم، وفاقی کابینہ، صوبوں کے گورنروں، نگراں وزرائے اعلیٰ اور صوبائی وزراء سے پرزور اپیل

### فلور ملوں اور گوداموں کے مالکان اور آٹے کے بیوپاری غریب عوام کی مشکلات دور کرنے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں

### حق پرست نمائندے اور تحریک کے تمام ذمہ داران مشکل کی اس گھڑی میں عوام کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

لندن۔۔۔5 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں آٹے اور بجلی کے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے اور بجلی کی قلت پر قابو پانے کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ آٹا زندگی کی بنیادی ضروریات میں سے ہے اور آٹے کی قلت اور مہنگائی کی وجہ سے سب سے زیادہ ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کے افراد شدید مشکلات کا شکار ہیں اور آٹے کے حصول کیلئے جگہ جگہ مارے پھرنے پر مجبور ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آٹے کی قلت اور مہنگائی کی ایک وجہ ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ بتائی جارہی ہے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آٹے کی ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے فلور ملوں کے مالکان، آٹے کے بیوپاریوں اور گوداموں کے مالکان سے بھی اللہ اور رسولؐ کے نام پر اپیل کی ہے کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی مشکلات کو دور کرنے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں اور کروڑوں عوام کی دعائیں لیں۔ جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست منتخب نمائندوں، بلدیاتی نمائندوں اور تحریک کے تمام ذمہ داران سے بھی اپیل کی کہ وہ آٹے کی قلت کے حوالے سے عوام کی مشکلات کم کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں اور مشکل کی اس گھڑی میں عوام کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت پرویز مشرف، نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، نگراں وفاقی کابینہ، پنجاب، سندھ، بلوچستان اور صوبہ سرحد کے گورنروں، نگراں وزرائے اعلیٰ اور نگراں صوبائی وزراء سے پرزور اپیل کی کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر عوام کو آٹے کی فراہمی اور آٹے کی قیمت کنٹرول کرنے کیلئے مؤثر اور مربوط اقدامات کریں۔

## لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور نقصانات کی تفصیلات جمع کرنے اور ذمہ داران کے تعین کیلئے کمیشن کے قیام کا متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے خیرمقدم

### امید ہے یہ کمیشن محض خانہ پری نہیں کرے گا بلکہ تمام نقصانات کی تفصیلات اور انکے ذمہ دار عناصر کا پتہ لگائے گا۔طارق جاوید

### لوگوں کے نقصانات کی تلافی کی جائے اور لوٹ مار کرنے والے دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا دی جائے

لندن۔۔۔5 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ملک خصوصاً سندھ اور کراچی میں ہونے والی لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور قتل وغارت کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کی تفصیلات جمع کرنے اور اس لوٹ مار کے ذمہ داران کے تعین کیلئے صدر پرویز مشرف کی طرف سے قائم کئے جانے والے کمیشن کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ کمیشن ماضی کے کمیشنوں کی طرح محض خانہ پری کا کام نہیں کرے گا بلکہ جلد از جلد تمام نقصانات کی تفصیلات اور ان نقصانات کے ذمہ دار عناصر کا پتہ لگا کر حکومت کو بتائے گا۔طارق جاوید نے کہا کہ عوام امید کرتے ہیں کہ کمیشن کی رپورٹ کے نتیجے میں نہ صرف یہ کہ حکومت ان لوگوں کے نقصانات کی تلافی کرے گی جن کے گھر لوٹے گئے، گاڑیاں، دکانیں، فیکٹریاں، کارخانے اور کاروبار لوٹے اور جلائے گئے ہیں اور یہ عمل کرنے والے دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس دہشت گردی اور لوٹ مار کے خلاف سب سے پہلے متحدہ قومی موومنٹ نے نہ صرف مؤثر انداز میں آواز اٹھائی بلکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خود صدر مملکت پرویز مشرف سے اس حوالہ سے تفصیلی بات کی جس کے بعد یہ کمیشن قائم کیا گیا ہے۔طارق جاوید نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے خود بھی کراچی سمیت سندھ بھر میں شکایتی سیل قائم کردیئے گئے ہیں جہاں متاثرین اپنے نقصانات کی تفصیلات جمع کروا رہے ہیں۔

## بزنس پلس کے صحافیوں کے ساتھ نواز شریف اور پرویز رشید کی غنڈہ گردہ قابل مذمت ہے،

## بزنس پلس کے صحافیوں کو انصاف فراہم کیا جائے۔سلیم شہزاد

## اس کھلی غنڈہ گردی پر نام نہاد صحافتی تنظیموں اور سول سوسائٹی کی مجرمانہ خاموشی نے انکے دہرے معیار کا بھانڈا پھوڑ دیا ہے

لندن۔۔۔5 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے نواز لیگ کے سربراہ نواز شریف اور پرویز رشید کی جانب سے معروف ٹی وی چینل بزنس پلس کے صحافیوں کے ساتھ کی جانے والی کھلی غنڈہ گردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافیوں کے ساتھ کی جانے والی اس کھلی بدمعاشی پر نام نہاد صحافتی تنظیموں اور نام نہاد سول سوسائٹی کی تنظیموں کی مجرمانہ خاموشی نے ان تنظیموں کے دہرے معیار کا بھانڈا ملک بھر کے عوام کے سامنے پھوڑ دیا ہے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ یہ نام نہاد صحافتی تنظیمیں اور نام نہاد سول سوسائٹی کی تنظیمیں ان ایشوز پر تو پورا ملک سر پر اٹھا لیتی ہیں جہاں ان کے سیاسی آقاؤں کا مفاد ہوتا ہے لیکن جہاں واقعتاً صحافیوں کے ساتھ غنڈہ گردی اور دہشت گردی کا عمل کیا جاتا ہے وہاں مجرمانہ خاموشی اختیار کر لیتی ہیں کیونکہ وہاں آواز اٹھانے پر ان کے سیاسی آقاؤں کے مفادات پر ضرب پڑتی ہے جیسا کہ بزنس پلس کے صحافیوں کے ساتھ ہونے والی غنڈہ گردی پر ان تنظیموں کو سانپ سونگھ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آہستہ آہستہ ملک بھر کے عوام ان تنظیموں کے دہرے کردار سے واقف ہوتے جارہے ہیں اور ان کے اصل چہرے سے پردہ ہٹتا جارہا ہے۔سلیم شہزاد بزنس پلس کے صحافیوں کے ساتھ نواز شریف اور پرویز رشید کی غنڈہ گردہ کی مذمت کرتے ہوئے صدر پرویز مشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ بزنس پلس کے صحافیوں کو انصاف فراہم کیا جائے۔

## سانحہ لیاقت باغ کے بعد لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ کے متاثرین نے تیسرے روز بھی بڑی تعداد میں

## ایم کیو ایم شکایتی سیلوں میں رابطہ کیا

## اس لوٹ مار کے نتیجے میں اپنی عمر بھر کی جمع پونجی سے محروم ہوگئے ہیں، ہمارا سب کچھ لٹ گیا ہے۔متاثرین کی شکایات

کراچی۔۔۔5،جنوری 2008ء۔۔۔سانحہ لیاقت باغ راولپنڈی کے بعد کراچی سمیت سندھ بھر میں جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے متاثرین کے نقصانات کے ازالہ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی سمیت سندھ بھر میں قائم کئے گئے ''شکایتی سیل'' میں متاثرین کے کوائف جمع کرنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور شکایتی سیلوں کے قیام کے تیسرے روز بھی متاثرہ افراد نے بڑی تعداد میں رابطہ کیا اور اپنے نقصانات کی تفصیلات جمع کرائیں۔کراچی سمیت سندھ بھر کے زونوں میں قائم کئے گئے ایم کیو ایم کے شکایتی سیلوں میں مختلف فیکٹریوں کے مالکان، تاجروں، دکانداروں اور عام شہریوں کی بڑی تعداد نے آج تیسرے روز بھی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں شکایتی سیل میں اپنے نقصانات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔بیشتر افراد نے شکایتی سیل میں بتایا کہ وہ اس لوٹ مار کے نتیجے میں اپنی عمر بھر کی جمع پونجی سے محروم ہوگئے ہیں اور ان کا سب کچھ لٹ گیا ہے۔کراچی کے علاوہ سندھ کے مختلف شہروں میں ایم کیو ایم کے زونوں میں قائم شکایتی سیلوں پر بھی وہاں کے لوگوں نے رابطہ کیا اور نقصانات کے ازالے کے پرفارمے بھر کر جمع کرائے۔ایم کیو ایم کی جانب سے متاثرین کے نقصانات کے ازالے کیلئے کراچی سمیت سندھ بھر میں شکایتی زونوں کے قیام عمل میں لائے جانے کے علاوہ کراچی میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، نامزد حق پرست امیدواران اور اندرون سندھ میں زونل کمیٹیوں کے اراکین جلاؤ گھیراؤ، لوٹ مار اور نذر آتش کی گئی فیکٹریوں اور املاک کا خود بھی دورے کر کے جائزہ لے رہے ہیں اور اس سلسلے میں تمام ضروری کارروائیاں مکمل کی جارہی ہیں۔اس موقع پر متاثرہ افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت سندھ بھر میں کی جانے والی جلاؤ گھیراؤ، لوٹ مار اور پرتشدد کارروائیوں سے متاثرہ افراد کے نقصانات کے ازالے کیلئے جس طرح آواز بلند کی اور جس طرح کے عملی اقدامات کئے وہ ان کی سندھ کے عوام سے سچی ہمدردی کو ظاہر کرتا ہے۔متاثرہ افراد نے ایم کیو ایم کی جانب سے شکایتی سیلوں کے قیام کا زبردست خیر مقدم کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## پنجاب سے قومی اسمبلی کے حلقہ NA - 53 اور پنجاب اسمبلی کے حلقہ PP - 8 سے حق پرست امیدوار کاشف خان کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔5، جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب سے قومی اسمبلی کے حلقہ NA - 53 اور پنجاب اسمبلی کے حلقہ PP - 8 سے حق پرست امیدوار کاشف خان سے انکی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔کاشف خان کی والدہ مرحومہ کوواہ کینٹ کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومہ کے جنازے میں ایم کیوایم پنجاب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن زاہد ملک، راولپنڈی کے ارکان محمد الیاس، متین خان، ایم کیوایم راولپنڈی کے آرگنائزر، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، پنجاب سے قومی اسمبلی کے حلقہ NA - 55 کے امیدوار محمد حنیف اعوان، ایم کیوایم اٹک کے آرگنائزر سردار طاہر احسان اور دیگر کارکنوں نے شرکت کی ۔تمام تنظیمی ذمہ داروں اورحق پرست امیدواران نے کاشف خان سے تعزیت کی ۔ رابطہ کمیٹی نے بھی اپنے تعزیتی بیان میں حق پرست امیدوار کاشف خان سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم جامشوروزون کی زونل کمیٹی کے رکن ایوب خان کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اوراندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔5، جنوری 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جامشوروزون کی زونل کمیٹی کے رکن ایوب خان کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔مرحومہ کو کوٹری کے ناگولینڈ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ان کے جنازے میں ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان خورشید علی، ہمایوں زیدی، عزیز، حیدرآباد سے حق پرست امیدواروں وسیم احمد، صلاح الدین، ایم کیوایم کوٹری سیکٹر کے کارکنوں اور دیگر افراد نے شرکت کی ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اوراندرون سندھ تنظیمی کمیٹی نے ایوب خان سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ رئیسہ بیگم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆